2025-08-09

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ض میر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

-1 مرکزی کابینہ نے ”پردھان منتری اُجّوَلا یوجنا“ کے تحت مالی سال 26-2025 کے دوران، اہل لوگوں کے لیے LPG سبسڈی جاری رکھے جانے کو منظوری دے دی ہے۔

-2 ریلوے کے محکمے نے، دنیا کی سب سے طویل مال بردار ٹرین ’رُودرَاستر‘ کی کامیاب آزمائش کی۔

-3 دلی اسمبلی نے، اسکول فیس کی ضابطہ کاری سے متعلق بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ اِس بل میں فیس میں اضافہ کرنے سے متعلق فیصلہ کرنے میں، والدین کو مکمل اختیارات دیے گئے ہیں۔

-4 آج ملک بھر میں رکشا بندھن کا تہوار منایا جا رہا ہے۔

-5 امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پُتن، روس-یوکرین تنازعہ پر بات چیت کے لیے الاسکا میں 15 اگست کو میٹنگ کریں گے۔

-6 اور

سات خواتین سمیت دس بھارتی مکے باز، بینکاک میں 19 سال تک کی ایشیائی چیمپین شپ کے فائنل میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Cabinet

حکومت نے، ’پردھان منتری اُجّوَلا یوجنا‘ کے تحت مالی سال 26-2025 کے دوران، اہل افراد کے لیے سبسڈی جاری رکھنے کو منظوری دے دی ہے۔ اِس پر 12 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت 10 کروڑ 33 لاکھ گھروں کو فائدہ پہنچے گا۔ حکومت ہر سال 14 کلو 200 گرام کے 9 سلینڈرس تک پر 300 روپے کی سبسڈی فراہم کرے گی۔

S/B Ashwini Vaishnaw on Ujjawla

حکومت نے سرکاری شعبے کی، تیل مارکٹنگ کی تین کمپنیوں کو 30 ہزار کروڑ روپے تک معاوضہ دینے کو بھی منظوری دے دی ہے۔

یہ تین کمپنیاں ہیں IOCL، BPCL اور HPCL۔ انھوں نے کہا کہ گھریلو LPG کی فروخت پر جو کم آمدنی ہوئی ہے، اُس کے لیے اقدام کیے گئے ہیں۔

جناب ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ حکومت نے تکنیکی تعلیمی اسکیم میں کئی مضامین میں تعلیم و تحقیق میں بہتری کے لیے مالی مدد کو بھی منظوری دی ہے، جس پر چار ہزار دو سو کروڑ روپے کا خرچ آئے گا۔

انھوں نے کہا کہ اِس اسکیم کا مقصد، تکنیکی تعلیم میں کوالٹی، برابری اور حکمرانی میں بہتری لانا ہے۔

حکومت نے آسام اور تریپورہ کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکیجز کی موجودہ مرکزی شعبے کی اسکیم کے تحت چار نئی منظوریاں بھی دی ہیں، جس پر چار ہزار دو سو پچاس روپے کا خرچ آئے گا۔

بنیادی ڈھانچے اور گزر بسر کے پروجیکٹوں کی ترقی سے روزگار کے نئے موقع پیدا ہوں گے جس کے نتیجے میں اِن ریاستوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔

جناب ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ حکومت نے تمل ناڈو میں چار لین والی، Marakkanam سے پڈوچیری شاہراہ تک کی تعمیر کو منظوری دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس پروجیکٹ سے موجودہ راہداری پر، ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ میں کمی آئے گی اور چنئی، پڈوچیری، Viluppuram اور ناگ پٹّنم جیسے تیزی سے ترقی کرتے ہوئے قصبوں کی نقل و حرکت کی ضرورت پوری ہوگی۔x

Awshwini Vaishnw Puducherry Highwy

Railways Trial Run

بھارتیہ ریلوے نے ایشیا کی سب سے بڑی مال بردار ٹرین رُودرَاستر کی کامیاب آزمائش کرکے ایک نیا سنگِ میل طے کیا ہے۔ یہ آزمائش چندولی میں گنج خواجہ ریلوے اسٹیشن سے، جھارکھنڈ میں گڑھوا تک کی گئی۔ یہ 209 کلومیٹر کا راستہ ہے جو پانچ گھنٹے دس منٹ میں طے ہوا۔ اس آزمائش میں اوسطاً 40 اعشاریہ پانچ صفر کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار رہی۔

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے اِس آزمائش کا ایک ویڈیو جاری کیا ہے۔ ڈویژنل ریلوے مینجر اُدے سنگھ مینا نے کہا کہ ساڑھے چار کلومیٹر طویل یہ مال بردار ٹرین اب مشرقی-وسطی ریلوے کے، پنڈت دیل دیال اُپادھیائے ڈویژن سے، دھنباد ڈویژن جائے گی، جہاں سے اِس میں تیزی سے مال اور اشیا لادی جائیں گی۔

اِس طرح ایک کے بعد ایک، پانچ مال بردار ریل گاڑیاں چلائی جائیں گی۔ اِس پہلی ریل گاڑی میں دو انجن لگائے گئے ہیں۔x

Delhi School Free

دلی اسمبلی نے اسکول فیس سے متعلق ضابطہ کاری کے بل 2025 کو منظوری دے دی ہے، جس کے تحت فیس میں اضافہ کرنے سے متعلق فیصلہ کرنے میں، والدین کو پورا اختیار دیا گیا ہے، اِس سے یہ یقین دہانی ہوگی کہ اسکول انتظامیہ، یکطرفہ طور پر فیس میں اضافہ نہیں کر سکتی۔

دلّی کے وزیر تعلیم آشیش سود نے اسمبلی کو بتایا کہ یہاں تک کہ اگر کوئی واحد والدین، کسی فیصلے سے متفق نہ ہوں، تو فیس میں اضافے کی تجویز کو منظوری نہیں دی جائے گی۔

انہوں نے کہا کہ والدین کو پورے اختیارات حاصل ہوں گے اور انتظامیہ اپنا فیصلہ یکطرفہ طور پر لاگو نہیں کر سکے گی۔ فیس کے تعین اور ضابطے میں، دلی کی اسکول تعلیم میں شفافیت کے بل 2025 کے مطابق، جو اسکول من مانے طور پر فیس میں اضافہ کریں گا اُسے جرمانے کا سامنا کرنا ہوگا۔ یہ جرمانہ، نقد رقم بھی ہو سکتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اسکول، فیس میں اضافہ کرنے کی تجویز کے حق سے محروم ہوجائے۔

بل میں کہا گیا ہے کہ اگر اسکول کی فیس، منظور شدہ حد سے زیادہ ہو، تو اسکول کو کام کاج کے 20 دن کے اندر اندر یہ اضافی رقم واپس کرنا ہوگی۔

وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ دلی سرکار مضبوطی سے، والدین کے ساتھ ہے تاکہ بچوں کے مستقبل کا تحفظ کیا جا سکے۔

S/B- Rekha Gupta Fees

دلی کے وزیر تعلیم آشیش سود نے کہا کہ حکومت پرائیویٹ اسکولوں کو، بچوں کے مستقبل سے نہیں کھیلنے دے گی۔x

## Govt.Tomato Price

حکومت نے کہا ہے کہ پورے ملک میں ٹماٹر کی قیمتوں میں اضافہ، عارضی مقامی وجوہات سے ہوا ہے، نہ کہ بنیادی طور پر مانگ اور سپلائی کے درمیان توازن نہ ہونے یا پیداوار میں کمی کی وجہ سے ہوا ہے۔

صارفین امور، خوراک اور تقسیم عامّہ کی وزارت نے کہا کہ دلی میں ٹماٹر کی قیمتوں میں اضافہ ہوکر یہ ملک کے شمالی اور شمال مغربی علاقوں میں، جولائی کے آخری ہفتے سے موسلا دار بارش کے سبب 73 روپے فی کلوگرام تک ہوگئی ہیں۔

وزارت نے کہا کہ آزاد پور منڈی میں پچھلے ہفتے قیمتوں کے واپس معمول پر آجانے اور ٹماٹر کی روز مرّہ آنے والی کھیپ کی قیمتوں میں استحکام سے، خردہ قیمتیں کم ہونا شروع ہوگئیں ہیں۔x

## RS Mann Ki Baat

آکاشوانی پر وزیر اعظم نریندر مودی کے پروگرام ”من کی بات“ نے اپنی شروعات کے بعد سے اب تک 34 کروڑ سے زیادہ کی آمدنی حاصل کی ہے۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے راجیہ سبھا میں تحریری جواب میں یہ جانکاری دی۔ انہوں نے بتایا کہ ان ماہانہ ریڈیو پروگراموں کے ذریعے وزیر اعظم، تعلیم، صحت، ماحولیات، اختراع اور سماجی خدمت کے

شعبوں میں کام کر رہے، اُن بھارتیوں کی داستان سُناتے ہیں، جن سے دوسروں کو تحریک ملتی ہے۔ جناب مروگن نے مزید کہا کہ آکاشوانی کے قومی اور علاقائی نیٹ ورک پر براہِ راست نشر ہونے والے اس پروگرام کو سن کر سامعین کی بڑی تعداد اس سے جُڑتی ہے۔ یہ پروگرام اُسی وقت دوردرشن کے قومی اور علاقائی چینلوں پر بھی نشر کیا جاتا ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Uttrakashi Rescue

اتراکھنڈ میں، اتراکاشی ضلعے کے قدرتی آفت سے متاثرہ دھرالی-ہرسِل علاقوں میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں زور و شور سے جاری ہیں۔ مرکزی اور ریاستی حکومت کی ایجنسیاں راحت رسانی، لاپتہ افراد کو تلاش کرنے اور بنیادی سہولتیں بحال کرنے میں مصروف ہیں۔ اس دوران قدرتی آفت سے متاثرہ علاقوں میں پھنسے عقیدتمندوں اور مقامی شہریوں کو بچانے کا کام فوج، NDRF، SDRF، پولیس اور مقامی انتظامیہ کے تعاون سے جاری ہے۔ اب تک 629 افراد کو بچا لیا گیا ہے۔ مہاراشٹر سے آئے ایک عقیدتمند نے فوج اور ریاستی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

Byte - Yatri 1

ضلع مجسٹریٹ پرشانت آریہ نے بتایا کہ ہر متاثرہ خاندان کو فوری امداد کے طور پر 5 ہزار روپے فراہم کیے گئے ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ نقصان کی تفصیلی رپورٹ تیار ہونے کے بعد ضروری مدد جلد ہی جاری کی جائے گی۔

دوسری جانب اتراکھنڈ کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس دیپم سیٹھ نے جمعہ کے روز آفت سے متاثرہ ہرسِل-دھرالی علاقے کا دورہ کیا اور راحت اور بچاؤ کارروائیوں کا معائنہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نے بتایا کہ اس سانحے میں لاپتہ افراد کو جلد از جلد تلاش کرنا، اولین ترجیح ہے۔

Byte Depam Seth, Director General of Police 3

اس دوران DGP نے دھرالی واقعے کے بارے میں سوشل میڈیا پر گمراہ کُن معلومات پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی ہے۔ ×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش کے مختلف حصوں میں آج شدید بارش کی پیشگوئی ہے۔ وہیں آندھرا پردیش، بہار، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، مدھیہ پردیش، اُڈیشہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، تلنگانہ، اُترپردیش، اُتراکھنڈ اور شمال مشرقی خطّے میں بھی اگلے دو سے تین دن کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔

محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ بہار، گنگائی مغربی بنگال، جموں اور کشمیر اور لداخ میں آج بجلی کی گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ چھینٹے پڑ سکتے ہیں۔ ان علاقوں میں 14 اگست تک اسی طرح کے موسمی حالات برقرار رہ سکتے ہیں۔×

اس دوران قومی راجدھانی کے مختلف علاقوں میں آج صبح موسلا دھار بارش ہوئی۔ شاستری بھون، آر۔کے پورم، موتی باغ اور قدوائی نگر میں شدید بارش ہوئی۔ دلّی اور قومی راجدھانی خطّے میں آج دن میں درمیانے سے شدید درجے کی بارش کا امکان ہے۔×

## Raksha Bandhan

بہن اور بھائیوں کے بیچ خصوصی رشتے کا تہوار، رکشا بندھن آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائی پر رنگین راکھی باندھتی ہیں اور اُن کی خوشحالی، صحت اور بہتری کی دعا کرتی ہیں۔ بدلے میں بھائی اپنی بہنوں کی حفاظت اور مدد کا عہد کرتے ہیں اور بہنوں کو تحفے دیتے ہیں۔

## S/B Song Behna Ne Bhai Ki Kalai Pe

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے رکشا بندھن کے موقع پر شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ رکشا بندھن کا مقدس تہوار، بہنوں اور بھائیوں کے درمیان منفرد رشتے کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار سماج میں رواداری اور اتحاد کے جذبے کو پروان چڑھاتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ یہ تہوار، بھارت کے گوناگوں ثقافتی ورثے اور اخلاقی اقدار کو برقرار رکھنے کا موقع بھی ہے۔

اس کے علاوہ رکشا بندھن کا تہوار، خواتین کے حقوق کا تحفظ اور اُن کے احترام کے تئیں ہر کسی کے عزم کو تقویت بھی دیتا ہے۔ ×

## Telangana Rakhi for Soldiers

تلنگانہ میں جڑواں شہروں حیدرآباد اور سکندرآباد کے مختلف کالجوں کی طالبات نے اظہار تشکر کے طور پر فوج، بحریہ اور فضائیہ کے افسران کو راکھی باندھی۔ اس موقعے پر گورنر جِشنو دیو ورما بھی موجود تھے۔

"فوجیوں کے لیے راکھی" تقریبات کا انعقاد کل حیدرآباد کے راج بھون میں Samskriti فاؤنڈیشن نے کیا تھا۔ اس دوران گورنر نے رکشا بندھن تہوار کے باہمی تحفظ اور ذمے داری کے پیغام پر روشنی ڈالی۔ گورنر نے دروپدی اور بھگوان کرشنا کی مہا بھارت کی داستان کا حوالہ دیا اور سبھی کو رکشا بندھن کی مبارکباد پیش کی۔×

## Trump Putin Meeting

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ 15 اگست کو الاسکا میں روس کے صدر ولادیمیر پتن سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ ٹرمپ نے ٹرتھ سوشل پر کل ایک پوسٹ میں یہ اطلاع دی۔ جنوری

کے مہینے میں وہائٹ ہاؤس میں واپسی کے بعد سے ٹرمپ نے اب تک پتن سے ملاقات نہیں کی ہے۔×

## Azerbaijan Armenia Deal

آذربائیجان اور آرمینیا نے دہائیوں طویل تنازعے کے خاتمے سے متعلق معاہد پر دستخط کیے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے وہائٹ ہاؤس میں منعقدہ تقریب میں آذربائیجان کے صدر اِلہام علی یو اور آرمینیا کے وزیر اعظم نکول Pashinyan نے اس امن معاہدے پر دستخط کیے۔

اس معاہدے سے دونوں ملکوں کے درمیان اہم ٹرانسپورٹ راستے کھل جائیں گے، ساتھ ہی خطّے میں امریکی اثر و رسوخ میں بھی اضافہ ہوگا۔ صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ آرمینیا اور آذربائیجان نے ہر لڑائی کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنے اور سفری، کاروباری اور سفارتی تعلقات کی بحالی کا وعدہ کیا ہے۔×

## US UK Palestine

امریکی نائب صدر جے-ڈے وینس نے کہا ہے کہ واشنگٹن کا فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ یہ موقف غزہ میں جاری بحران پر اپنے اہم اتحادی برطانیہ کے ساتھ ہوئے تبادلہئ خیال کے بعد سامنے آیا ہے۔ انگلینڈ کے کینٹ میں بولتے ہوئے، Vance نے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کے قابلِ عمل ہونے پر سوال اُٹھائے اور وہاں فعال حکومت کی عدم موجودگی کی بات کہی۔ امریکی نائب صدر نے مزید کہا کہ امریکی انتظامیہ حماس کو صفحہئ ہستی سے غائب دیکھنا چاہتا ہے، تاکہ اسرائیلی شہریوں پر دوبارہ حملے نہ ہوں۔ ساتھ ہی وہ غزہ میں انسانی بحران کو سلجھانا بھی چاہتا ہے۔×

## Asian Boxing U0-19

بنکاک میں جاری انیس سال سے کم عمر کے ایشیائی مکّے بازی چیمپئن شپ میں سات خواتین سمیت 10 بھارتی مکّے بازوں نے کل اپنے اپنے سیمی فائنل مقابلے جیت لیے ہیں۔ اب وہ فائنلز مقابلوں میں جیت حاصل کر کے سونے کا تمغہ حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ خواتین مکّے بازوں میں نِشا، مسکان، وینی، آرتی کماری، پراچی ٹوکَس اور موسم سہاگ اور مردوں کے زمرے میں راہل کُنڈو اور ہیمنت ساگوان فائنل میں پہنچے ہیں، جبکہ Kritika براہِ راست فائنل میں پہنچنے والی مکّے باز ہیں۔×

## GeM Foundadations Say

حکومت نے ای مارکیٹ پلیسGeM کے سلسلے میں ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ اُسے مالی سال 2024-25 میں فروخت کی گئی اشیا کی مجموعی قیمت پانچ اعشاریہ چار لاکھ کروڑ روپے موصول ہوئی ہے۔

گل GeM کے نویں یومِ تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، اِس کے CEO مِہِر کمار نے زور دے کر کہا کہ یہ موقع، محض تعداد کی ایک خوشی نہیں بلکہ اُن لوگوں کی خوشی ہے جنھوں نے حکمرانی کو مزید قابل رِسائی، سب کی شمولیت والی اور مؤثر بنایا۔ جناب کمار نے، سرکاری خرید کو مزید مساویانہ اور قابل رسائی عمل میں تبدیل کرنے کے GeM کے غیر متزلزل عزم کو دوہرایا۔

S/B Mihir Kumar

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ......ضمیر

شکریہ - کلیم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے بہار میں ووٹر لسٹ کی خصوصی نظرثانی ایس آئی آر کے معاملے پر اپوزیشن کی طرف سے غیرمعمولی ہنگامہ کے پیش نظر دونوں ایوانوں کی کارروائی، پیر تک کے لیے ملتوی کیے جانے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر اعظم نریندر مودی کی روس کے صدر ولادیمیر پتن کے ساتھ باہمی امور پر ٹیلیفونِک بات چیت کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے، جس میں دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ ایجنڈے میں پیشرفت کا جائزہ لیا۔

بہار کے سیتا مڑھی ضلعے میں وزیر داخلہ امت شاہ نے "جانکی ماتا مندر" کی از سر نو تعمیر کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

اس موقع پر انہوں نے عوام سے خطاب کرتے ہوئے خطّے کی ترقی کے لیے پی ایم مودی اور حکومت کی کوششوں پر بھی روشنی ڈالی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے مرکزی کابینہ کی میٹنگ میں پی ایم اجولا یوجنا کے مستفدین کی سبسڈی جاری رکھنے اور آسام و تریپورہ کے لیے 4250 کروڑ کے خصوصی پیکج کے اعلان کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ ریلوے کے مرکزی وزیر  اشونی ویشنو نے بتایا کہ اس میٹنگ میں کُل پانچ اہم فیصلے لیے گئے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب سمیت کچھ دیگر اخباروں نے اسرائیل کی سکیورٹی کابینہ میں غزہ پر مکمل قبضے کا منصوبہ منظور کیے جانے سے متعلق خبر کو اُجاگر کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی کابینہ نے "پردھان منتری اُجّوَلا یوجنا" کے تحت مالی سال 2025-26 کے دوران، اہل لوگوں کے لیے LPG سبسڈی جاری رکھے جانے کو منظوری دے دی ہے۔

2-   ریلوے کے محکمے نے، دنیا کی سب سے طویل مال بردار ٹرین 'رُودرَاستر' کی کامیاب آزمائش کی۔

3-   دلی اسمبلی نے، اسکول فیس کی ضابطہ کاری سے متعلق بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ اِس بل میں فیس میں اضافہ کرنے سے متعلق فیصلہ کرنے میں، والدین کو مکمل اختیارات دیے گئے ہیں۔

4-   آج ملک بھر میں رکشا بندھن کا تہوار منایا جا رہا ہے۔

5-   امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پُتن، روس-یوکرین تنازعہ پر بات چیت کے لیے الاسکا میں 15 اگست کو میٹنگ کریں گے۔

6-   اور

سات خواتین سمیت دس بھارتی مکے باز، بینکاک میں 19 سال تک کی ایشیائی چیمپین شپ کے فائنل میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------